© rasailojaraid.com



اخبار الجماعۃ !

# ضلع قصور کی تنظیمی و تبلیغی سرگرمیاں !

**توحید و سنت کانفرنس** پچھلے دنوں سرسیر ہٹھاڑ ضلع قصور میں سالانہ توحید و سنت کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت میاں محمد جعفر صاحب نے کی۔ حافظ صلاح الدین صاحب یوسف مدیر اعلیٰ "الاعتصام" مولانا محمد ارشد صاحب امیر جمعیۃ اہلحدیث لاہور اور مولانا عبدالمجید صاحب سرگودھا نے اصلاح معاشرہ کے موضوع پر تقاریر کیں۔ ———— حافظ عبدالرحمٰن صاحب سلفی نے درس کی دینی لائبریری کا تعارف کرایا اور احباب سے اپیل کی کہ وہ لائبریری سے تعاون فرمائیں۔ تاکہ احباب زیادہ سے زیادہ کتابوں سے استفادہ کر سکیں۔ (ناظم درس التوحید والسنۃ۔ سرسیر ڈاکخانہ شام کوٹ تحصیل چونیاں ضلع قصور)

**قبول مسلک اہلحدیث** اہلحدیث یوتھ فورس کے پندرہ روزہ اجلاس میں فخر الرحمٰن خان اور محمد ارشاد صاحبان نے اہلحدیث کی دعوت سے متاثر ہو کر مسلک اہلحدیث قبول کر لیا اور اہلحدیث یوتھ فورس راجہ جنگ میں شمولیت کا اعلان کیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں استقامت علی الحق کی توفیق دے آمین۔

(محمد رفیق مجاہد۔ پریس سیکرٹری اہلحدیث یوتھ فورس راجہ جنگ ضلع قصور)

**پندرہ روزہ درسِ قرآن** اہلحدیث یوتھ فورس پتوکی کے زیر اہتمام شہر کی تمام مساجد میں پندرہ روزہ درسِ قرآن کا اہتمام کیا گیا ہے تمام مساجد اہلحدیث میں درس قرآن مختلف خطباء حضرات اور یوتھ فورس کے رہنما ارشاد فرماتے ہیں

**تربیتی پروگرام !** اہلحدیث یوتھ فورس پتوکی کے کارکنان کا ایک تفریحی و تربیتی پروگرام ۲۹ جون کو دریائے راوی کے کنارے سدھار کے میں منعقد ہوا۔ مختلف کھیلوں کے علاوہ تربیتی پروگرام اور اسلحہ کی ٹریننگ کا اہتمام ہوا۔

**جلسہ عام !** اہلحدیث یوتھ فورس کے زیر اہتمام جامع بلال رضی اللہ عنہ یوسف کالونی پتوکی میں جلسہ عام منعقد ہوا جس میں مولانا محمد حنیف صاحب ناظم تبلیغ جمعیۃ اہلحدیث تحصیل چونیاں۔ اور مولانا حافظ حسن محمود کمیرپوری

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


نائب ناظم جمعیۃ اہلحدیث تحصیل چونیاں نے خطاب کیا۔

**اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان سے تعاون** جامع مسجد قبا اہلحدیث حاجی کوٹ پتوکی میں جناب رانا محمد شفیق خان پسروری مرکزی صدر اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان نے خطبہ جمعۃ المبارک ارشاد فرمایا۔ اور اہلحدیث یوتھ فورس پتوکی نے رانا صاحب کو مرکزی فنڈ کیلئے آٹھ ہزار روپے پیش کیے۔

**عید قربان کی کھالیں** پتوکی سے جمع شدہ کھالوں کی رقم ساڑھے چار ہزار روپے غریب طلبہ اور نادار لوگوں میں تقسیم کر دی گئی ہے۔

**عید ملن پارٹی!** اہلحدیث یوتھ فورس پتوکی کی طرف سے مورخہ ۵ رجولائی کو ہیڈ بلوکی کے خوبصورت سبزہ زار میں عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ اس کے اخراجات کارکنوں نے خود برداشت کیے یہ پروگرام بیحد کامیاب رہا۔

**اہم اجلاس** اہلحدیث یوتھ فورس پتوکی کے عہدیداران و کارکنان کا اجلاس زیر صدارت جناب محمد انور بھٹی صدر اہلحدیث یوتھ فورس پتوکی منعقد ہوا۔ اور کاروانِ جہادِ افغانستان میں زیادہ سے زیادہ کارکنوں کی شرکت کیلئے لائحہ عمل طے کیا گیا۔

**انتقال پرملال** شیخ محمد ایوب کونسلر کے بھائی محمد یعقوب صاحب کی زوجہ محترمہ اور طارق محمود کی والدہ محترمہ اچانک دل کا دورہ پڑنے کی وجہ سے انتقال فرما گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نہایت متقی، صوم وصلوٰۃ کی پابند تھیں۔ شیخ محمد فاروق، محمد انور بھٹی، میاں انعام الحق ارشد و دیگر کارکنان اہلحدیث یوتھ فورس نے مرحومہ کی وفات پر حزن و ملال کا اظہار کیا اور اُنکی بلندیٔ درجات کیلئے دعا کی ہے۔

**اظہارِ تعزیت** اہلحدیث یوتھ فورس کی مجلس عاملہ کے رکن قاری عبدالخالق، میاں محمد عبداللہ کے بھائی ناصر محمود بجلی کا کرنٹ لگنے سے انتقال فرما گئے۔ مقامی جمعیۃ اہلحدیث و اہلحدیث یوتھ فورس کے راہنماؤں نے ناصر محمود کی اچانک وفات پر حزن و ملال کا اظہار کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے۔

**اجلاس** اہلحدیث یوتھ فورس قصور شہر کی مجلسِ عاملہ کا اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر محمد یعقوب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جب منعقد ہوا جس میں قافلہ تربیت جہاد کیلئے کارکنان کی فہرست مرتب کی گئی۔ ضلعی صدر خلیل الرحمن صاحب ثاقب کی ہدایت پر اجلاس میں تحصیل سطح پر تنظیم کو منظم کرنے کیلئے جناب ثناء اللہ ثاقب اور جناب عجاز الرحمن صاحب کو قصور شہر کی طرف سے نامزد کیا گیا۔ ڈاکٹر محمد یعقوب، ثناء اللہ ثاقب، عبدالحلیم قاری صدیق الحسن، محمد افضال اور اعجاز الرحمن نے خطاب کیا۔ مولانا حکیم محی الدین صاحب سلفی امیر جمعیۃ اہلحدیث ضلع قصور مہمان خصوصی تھے۔

## ڈکیتی کی واردات

اہلحدیث یوتھ فورس ضلع قصور کے صدر اور سیکرٹری نے امیر جمعیۃ اہلحدیث کھڈیاں حکیم عبدالقدوس پر قاتلانہ حملہ کرنے والوں کی طرف سے اس کیس کے گواہ سکول ٹیچر منیر احمد کے گھر ڈکیتی کی واردات اور پھر انہیں بھرے بازار میں گولیوں سے زخمی کرنے کے واقعہ پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے ملزمان کی عدم گرفتاری اور مقامی پولیس کی بے حسی کی شدید مذمت کی۔ اہلحدیث یوتھ فورس کے راہنماؤں نے ڈپٹی کمشنر قصور و ایس پی قصور سے مطالبہ کیا ہے کہ قصبہ کھڈیاں میں خوف وہراس کی فضا ختم کرنے کیلئے ملزمان کو بلاتاخیر گرفتار کیا جائے۔

## یوتھ فورس کا اجلاس

اہلحدیث یوتھ فورس جھلار حیا فدین کے صدر ملک عبدالرحمن نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام میں عورت کی حکمرانی کا کوئی جواز نہیں ہے۔ حافظ عبداللہ، عبدالرشید، عبدالستار محمد خالد۔ جاوید حسین اور محمد منیر نے بھی اجلاس سے خطاب کیا۔

## تقریری مقابلہ

اہلحدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن واں رادھارام کے زیر اہتمام ایک تقریری مقابلہ منعقد ہوا جس کا عنوان "قائداعظم اور پاکستان" تھا۔ اس مقابلے میں بہت سے طلبہ نے حصہ لیا۔ اوّل، دوم اور سوئم آنے والے طلبہ میں مہمان خصوصی جناب شیخ محمد رفیق صاحب نے انعامات تقسیم کیے۔ تقریب کے مہمان جناب مولانا عبدالواحد نیر دانی ناظم اعلیٰ جمعیۃ اہلحدیث اوکاڑہ، پروفیسر نعیم احمد صاحب اور عزیز الرحمن جٹ صاحب جنرل سیکرٹری اہلحدیث یوتھ فورس تحصیل چونیاں تھے۔

## خطیب و قاری کی ضرورت

جامع مسجد شیخاں والی چونیاں میں ایک خوش الحان خطیب کی ضرورت ہے۔ قاری کو ترجیح دی جائیگی۔ معقول مشاہرہ دیا جائیگا۔ (رابطہ: حاجی محمد اکرم اسلم یونانی دواخانہ چونیاں فون ۶۲۴)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com






© rasailojaraid.com